© rasailojaraid.com



# اخبار الوفاق

ادارہ

**جامعہ احسن العلوم کراچی کے استاذ الحدیث اور طلبہ کی شہادت پر تعزیت:**......۲۴/ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ بمطابق 10/ نومبر 2012ء بروز ہفتہ بعد نماز عصر دہشت گردوں کی فائرنگ سے جامعہ احسن العلوم کراچی کے ۶ طلباء شہید اور متعدد طلبہ زخمی ہوگئے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری اتفاق سے اس روز کراچی میں موجود تھے۔ آپ اس سانحہ کی اطلاع کے فوراً بعد جامعہ احسن العلوم پہنچے اور شیخ الحدیث حضرت مولانا زرولی خان صاحب مدظلہم، اساتذہ اور طلبہ سے تعزیت کی۔

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی وفاقی وزیر داخلہ کے ساتھ ملاقات اور اسلام آباد کے اکابر علماء کرام کا اجلاس:**......۲۶/ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ بمطابق 12/ نومبر 2012ء بروز پیر جناب عبد الرحمٰن ملک وفاقی وزیر داخلہ حکومت پاکستان کے ساتھ اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے مرکزی قائدین کے ہمراہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری نے ملاقات کی، اور ملک کے اندر بڑھتی ہوئی بدامنی ٹارگٹ کلنگ بالخصوص کراچی میں طلباء اور علماء کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے وزیر داخلہ سے مطالبہ کیا کہ وہ ذمہ داروں کے خلاف کاروائی کریں اور علماء اور طلباء کی حفاظت کیلئے سیکورٹی کے فوری اقدامات کریں۔ انھوں نے یقین دلایا کہ وہ مدارس کے طلباء، علماء اور اساتذہ کی حفاظت کیلئے اور کراچی میں امن کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔ نیز اجلاس میں یہ بھی مطالبہ کیا گیا کہ علماء، طلباء اور دینی کارکن اور مسلمانوں کے جتنے قاتل ہیں ان سب کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ اس کے بعد اسی روز جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سربراہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی رہائش گاہ پر اسلام آباد میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان اور جمعیت علماء اسلام کے اکابرین اور ملک کی اہم ممتاز شخصیات کا نمائندہ اجلاس ہوا، جس کی صدارت، صدر وفاق المدارس حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتھم العالیہ نے کی، اس اجلاس میں حضرت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب، حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب، حضرت مولانا سمیع الحق صاحب اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی اور ملک وملت کو درپیش مسائل اور ملک کی موجودہ صورت حال بالخصوص دینی مدارس اور علماء کے تحفظ کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا اور بہت سے اہم بنیادی نوعیت کے فیصلے کیے۔

**بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ:**......۲۷/ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ بمطابق 13 /نومبر 2012ء بروز منگل ڈاکٹر ضیاء الحق صاحب ڈین کلیۃ الشریعہ وکلیۃ القانون بین الاقوامی اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد اور ڈاکٹر ظفر اللہ بیگ ڈین کلیۃ اصول الدین کی دعوت پر حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کا دورہ کیا اور اس میں کلیۃ الشریعہ وکلیۃ القانون وکلیۃ اصول الدین کے بارے میں ہر دو حضرات نے بریفنگ دی۔ حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے ان دونوں شعبوں کو دیکھ کر ان کی کارکردگی کو سراہا۔ ڈاکٹر ضیاء الحق صاحب و ڈاکٹر ظفر اللہ بیگ صاحب سے مختلف تعلیمی، علمی اور تحقیقی موضوعات پر گفتگو کی۔ اسی روز آپ نے جامعہ محمدیہ اسلام آباد میں کراچی میں علماء اور طلباء کی شہادت، مدارس کے اوپر چھاپے اور مدارس کو خوف زدہ اور ہراساں کرنے اور مدارس کے خلاف منفی مہم کے حوالے سے پریس کانفرنس کی۔ اسی روز آپ نے حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب سے ملاقات کی اور وفاق المدارس العربیہ اور ملکی حالات کے بارے میں مشاورت کی۔ بعد ازاں روزنامہ اوصاف کے چیف ایڈیٹر مہتاب عباسی صاحب سے ان کے دفتر میں ملاقات اور ذرائع ابلاغ اور میڈیا کے حوالے سے اہم امور پر گفتگو کی۔

**وزیر اعظم پاکستان کی زیر صدارت منعقدہ کانفرنس میں شرکت:**......۲۸/ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ بمطابق 14 / نومبر 2012ء بروز بدھ حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان راجہ پرویز اشرف صاحب کی زیر صدارت منعقدہ بین المسالک ہم آہنگی وقومی یکجہتی کانفرنس میں شرکت کی اور وہاں آپ نے گفتگو کرتے ہوئے جناب وزیر اعظم سے مطالبہ کیا کہ دینی مدارس کے خلاف منفی پروپیگنڈہ مہم بند کی جائے، دینی مدارس کے طلباء اور علماء کو تحفظ فراہم کیا جائے، ملک کے اندر امن وامان قائم کیا جائے، کراچی کے اندر ایک غیر جانبدارانہ، منصفانہ اور بلا امتیاز فوری طور پر آپریشن کیا جائے، ملک کے اندر بڑھتی ہوئی بدامنی کو روکا جائے اور علماء کرام کے قاتلوں کی گرفتاری اور ان کے قتل کی سازشوں کو بے نقاب کر کے مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ وزیر اعظم پاکستان نے ان تجاویز پر غور وفکر کی یقین دہانی کرائی۔

**مجلس عاملہ کا ہنگامی اجلاس:**......۲۹/ ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ بمطابق 15 /نومبر 2012ء بروز جمعرات جامعہ احسن العلوم گلشن اقبال کراچی میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کا ہنگامی اجلاس زیر صدارت صدر الوفاق شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ العالی منعقد ہوا۔ یہ اجلاس کراچی کی بالعموم اور جامعہ احسن العلوم کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

علماء طلباء کی شہادت پر بالخصوص طلب کیا گیا تھا۔ اجلاس کے اندر ملک بھر سے معزز اراکین کے علاوہ اہم شخصیات نے بھی شرکت کی اور اس میں مختلف امور پر غور کیا گیا اور مدارس کے تحفظ کیلئے کئی اقدامات اور فیصلے ہوئے۔

**اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کا اجلاس:**......۶/محرم۱۴۳۴ھ بمطابق 21/نومبر 2012ء بروز بدھ اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کا اجلاس صدر وفاق المدارس شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ناظم اعلیٰ وفاق نے اتحاد تنظیمات مدارس کی قیادت کو متوجہ کیا کہ وفاقی وزارت پیٹرولیم وسوئی گیس کے ذیلی ادارے ''اوگرا'' نے 22/ستمبر 2012ء کو ایک آرڈر اور نوٹیفکیشن کے ذریعے دینی مدارس ومساجد کے ماہانہ بلز اور کنکشن فیسوں میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے، جو نا قابل قبول بھی ہے اور نا قابل برداشت بھی ہے، چنانچہ اس کے خلاف متفقہ قرارداد منظور کی گئی۔ ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری نے بتایا کہ انھوں نے صدر، وزیر اعظم اور متعلقہ وزیر اور حکام کو اس حوالے سے خطوط بھی لکھ دیئے ہیں۔

**کراچی یونیورسٹی کے وائس چانسلر سے ملاقات:**......اسی روز اتحاد تنظیمات مدارس کے اعلیٰ سطحی وفد نے شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ العالی کی قیادت میں جامعہ کراچی کے وائس چانسلر سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ شہادۃ العالیہ اور شہادۃ العالمیہ کے معادلے اور یونیورسٹی میں داخلہ کے حوالے سے دینی مدارس کے فضلاء کو جو مشکلات پیش آتی ہیں اس کے حوالے سے بات چیت کی اور بعض اُمور پر اتفاق ہوا۔

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب سے ملاقات ومشاورت:**......16/محرم الحرام 1434ھ مطابق یکم/دسمبر 2012ء بروز ہفتہ جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سربراہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب ملتان تشریف لائے۔ وفاق المدارس کے ناظمِ اعلیٰ نے ان سے ملاقات کی اور وفاق المدارس اور ملکی حالات کے حوالے سے مشاورت کی اور مختلف اُمور پر تبادلہ خیال کیا۔

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی جامعہ احسن العلوم کراچی کے استاذ الحدیث کی شہادت پر تعزیت:**......18/محرم الحرام 1434ھ مطابق 4/دسمبر 2012ء بروز منگل جامعہ احسن العلوم کراچی کے استاذ الحدیث مولانا محمد اسماعیل کو شہید کر دیا گیا انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت ناظمِ اعلیٰ وفاق اس عظیم سانحہ پر تعزیت کے لئے 11/دسمبر 2012ء کو جامعہ احسن العلوم تشریف لے گئے اور جامعہ کے مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی زرولی خان صاحب مدظلہم اور اساتذہ وطلباء جامعہ سے اس سانحہ عظمیٰ پر قلبی رنج وغم کا اظہار کیا اور جامعہ کی حفاظت اور مرحومین کی مغفرت کے لئے دُعا کی۔

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مردان کے جلسہ میں شرکت وخطاب:**......24/محرم الحرام 1434ھ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مطابق 9/دسمبر 2012ء بروز اتوار وفاق المدارس العربیہ کی مجلس عاملہ کے رکن جمعیت علماء اسلام خیبر پختونخواہ کے رہنما حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی دعوت پر حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے مردان میں ''مولانا محمد احمد کانفرنس'' میں شرکت کی اور وہاں عوام کے بہت بڑے اجتماع سے خطاب کیا۔

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا کراچی کا دورہ:**......26/محرم الحرام 1434ھ مطابق 11/دسمبر 2012ء بروز منگل حضرت ناظم اعلیٰ کراچی تشریف لے گئے اور جامعہ بنوریہ کراچی میں آپ نے پریس کانفرنس کی۔ وہاں علماء کرام سے ملاقات اور کراچی کے حالات پر مشاورت کی۔اس کے بعد آپ نے وفاق المدارس العربیہ کے صدر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ سے ملاقات کی اور اہم مختلف اُمور پر مشاورت کی۔

27/محرم الحرام 1434ھ مطابق 12/دسمبر 2012ء کو حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے ''قیام امن میں علماء کرام کے کردار'' کے حوالے سے منعقدہ دوروزہ تربیتی اجلاس کی صدارت کی اور اس موقع پر آپ نے کینیڈا کے ہائی کمشنر سے بھی ملاقات کی اور اسی روز شام کو ممتاز عالم دین حضرت مولانا آصف قاسمی صاحب جو ایک عرصے سے کینیڈا میں مقیم ہیں ان سے کراچی میں جامعہ فاروق اعظم میں ملاقات کی اور ان کی اہلیہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا۔

28/محرم الحرام 1434ھ مطابق 13/دسمبر 2012ء بروز جمعرات حضرت ناظم اعلیٰ وفاق، جامعہ دارالعلوم کراچی تشریف لے گئے اور حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات اور مختلف اُمور پر مشاورت کی۔

**چوہدری پرویز الٰہی (نائب وزیر اعظم) اور دیگر اعلیٰ حکام کے ساتھ اجلاس:**......یکم/صفر المظفر 1434ھ مطابق 18/دسمبر 2012ء بروز منگل اتحاد تنظیمات مدارس کے قائدین نے اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے صدر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ العالی کی قیادت میں ڈپٹی وزیر اعظم جناب چوہدری پرویز الٰہی صاحب سے ملاقات کی، اجلاس میں دینی مدارس ومساجد اور مذہبی تعلیمی اداروں کے لئے سوئی گیس کے بلوں میں اور کنکشن فیسوں میں اضافہ کے معاملہ پر غور کیا گیا۔اجلاس میں وفاقی سیکرٹری وزارت پٹرولیم وسوئی گیس اور چیئرمین اوگرا نے بھی شرکت کی اور اس بات پر اتفاق ہوا کہ اتحاد تنظیمات کے مطالبے کو تسلیم کرتے ہوئے حکومت اضافہ واپس لے گی اور جلد ہی اس کا نوٹیفکیشن جاری کردیا جائے گا۔

**قائد اہلسنت حضرت علامہ عبدالستار تونسوی صاحبؒ کے جنازہ میں شرکت:**......وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظمِ اعلیٰ حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری نے قائد اہل سنت، وکیل صحابہ حضرت علامہ عبدالستار تونسوی رحمہ اللہ کی نمازِ جنازہ میں شرکت کی اور صاحب زادگان اور لواحقین سے تعزیت کی۔

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی علماء کرام سے ملاقات:**......11/صفر المظفر 1434ھ مطابق 28/



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دسمبر 2012ء بروز منگل حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے اسلام آباد میں حضرت مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی، حضرت مولانا محمد شریف ہزاروی اور دیگر علماءِ کرام سے ملاقات کی اور پاکستان اور افغانستان کے رابطے اور پاکستان اور افغانستان کے مشترکہ امور کے حوالہ سے مشاورت کی۔

**وفاقی مشیر پیٹرولیم سے ملاقات:**......14 رصفر المظفر 1434ھ مطابق 28 ردسمبر 2012ء بروز جمعۃ المبارک نمازِ جمعہ کے بعد وفاقی مشیر پٹرولیم وسوئی گیس جناب ڈاکٹر عاصم حسین صاحب سے اتحاد تنظیمات مدارس کے وفد نے حضرت ناظم اعلیٰ وفاق کی قیادت میں ملاقات کی اوران سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر 18 ردسمبر میں ہونے والے اجلاس کے فیصلے پر عمل درآمد کیا جائے اور مساجد اور مدارس کے بلوں میں جو اضافہ کیا گیا ہے وعدے کے مطابق اس کے واپس لینے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے۔ چنانچہ مشیر پٹرولیم نے یقین دہانی کرائی کہ یکم جنوری 2013ء کو نوٹیفکیشن جاری کر دیا جائے گا، چنانچہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔اسی روز آپ نے اتحاد تنظیمات مدارس کے وفد کی قیادت میں ملی یکجہتی کونسل کے سربراہ محترم جناب قاضی حسین احمد اور جنرل سیکرٹری محترم جناب حافظ حسین احمد سے ملاقات کی، جو قاضی صاحب سے آخری ملاقات ثابت ہوئی۔

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس، جامعہ خیر المدارس کے نائب شیخ الحدیث کے منصب پر فائز:**......19 رصفر المظفر 1434ھ مطابق 2 رجنوری 2013ء بروز بدھ جامعہ خیر المدارس ملتان کے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد صدیق صاحب دامت برکاتہم نے بخاری شریف جلد اول کا کچھ حصہ کتاب الجہاد تا اختتام جلد اول تدریس کے لئے جامعہ خیر المدارس کے مہتمم اور وفاق المدارس کے ناظم اعلیٰ کے سپرد کیا۔ آنجناب کے جامعہ خیر المدارس ملتان کے نائب شیخ الحدیث کے منصب سنبھالنے پر ملک کے علمی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔اس موقع پر جامعہ کے شیخ الحدیث استاذ العلماء حضرت مولانا محمد صدیق صاحب دامت برکاتہم نے بھرائی ہوئی آواز میں فرمایا کہ ”میں آج یہ خوشی محسوس کر رہا ہوں کہ حضرت استاذ العلماء، حضرت مولانا خیر محمد صاحب نوراللہ مرقدہ کی جو امانت (بخاری شریف) تھی وہ میں نے آج ان کے جلیل القدر پوتے حضرت مہتمم صاحب زید مجدہ کی طرف منتقل کر دی ہے“۔ جامعہ کے شیخ الحدیث دامت برکاتہم العالیہ نے خود پہلے سبق کا آغاز کیا اور دورہ حدیث کے اساتذہ کرام نے اس افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور سب حضرات نے دُعا بھی کرائی۔

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا جامع مسجد حنفیہ وہاڑی کا افتتاح:**......21 رصفر المظفر 1434ھ مطابق 6 رجنوری 2013ء بروز جمعۃ المبارک جامعہ مسجد حنفیہ تھانہ صدر وہاڑی کی نئی مسجد کا افتتاح کیا اور نماز جمعہ سے پہلے خطاب فرمایا۔ وہاڑی سے واپسی پر حضرت مولانا ظفر احمد قاسم صاحب کی دعوت پر جامعہ خالد بن ولید ٹھنگی کالونی وہاڑی میں ان سے ملاقات کی اور جامعہ کا معائنہ کیا۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com